## سوال

(522)زیرِناف بالوں کی حد

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زیرناف بال ناف کے انتہائی نیچے سے اتارے جائیں گے یا کچھ جگہ چھوڑ کر نیز بال اتارنے کی حد کیا ہے یعنی کہاں سے کہاں تک اتارے جائیں گے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بال شرمگاہ کے اوپر اور قرب وجوار سے اتارنے کی بھی اجازت ہے حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ۔

«فحصل من مجموع ہذا استحباب حلق جمیع ما علی القبل والدبر وحولہما» (فتح الباری 10/343)

یعنی "مجموعہ دلائل کا خلاصہ یہ ہے کہ قبل اور دبر (یعنی آگے اور پیچھے) دونوں (طرف) سے بال صاف کرنا مستحب ہے ۔"

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

**فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ**

# ج1ص809

محدث فتویٰ